مُنَاجَاةُ الْفَقِيرِ

اِلٰی

مَوْلَاہُ الْغَنِیِّ الْخَبِیرِ

مولف

حضرت مولانا سید مفتی مختار الدین شاہ صاحب

بروز اتوار

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ یَوْمَ الْاَحَدِ

تیسری منزل یکشنبہ (اتوار) کے دِن کی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ شُکْرًا وَّ لَکَ الْمَنُّ

اے اللہ! تیرے ہی لیے سب تعریفیں ہیں شکر کے ساتھ اور تیرے ہی لیے

فَضْلًا (الجامع الصغیر، عن کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ

احسان ہے فضل کے ساتھ



اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّہٗ وَلَکَ الشُّکْرُ کُلُّہٗ

اے اللہ! سب تعریفیں تیری ہیں اور سارا شکر بھی تیرے ہی لیے ہے اور سب

وَلَکَ الْمُلْکُ کُلُّہٗ وَلَکَ الْخَلْقُ کُلُّہٗ بِیَدِکَ

مُلک تیرا ہے اور تمام مخلوق تیری ہے سب بھلائی تیری

اَلْخَیْرُ کُلُّهٗ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ الْاَمْرُ کُلُّهٗ اَسْاَلُکَ

ہی قبضہ میں ہے اور ہر معاملہ آخرکار تیرے ہی سامنے آتا ہے لہٰذا میں ہر

مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّهٖ

بھلائی تجھ سے ہی مانگتا ہوں اور ہر شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اس اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ غَیْرُهٗ

کے نام کی برکت سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے

(احمد وغیرہ)



اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی کے اوپر۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

اے ایمان والو تم بھی اُن پر درود بھیجو اور سلام بھیجو سلام کے

تَسْلِیْمًا ۝ لَبَّیْکَ اللّٰهُمَّ رَبِّیْ وَسَعْدَیْکَ

طریقہ پر خداوندا میرے پروردگار میں حاضر ہوں اور تیرے

صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰئِكَةِ

درین کی مدد کرتا ہوں محسن اور مہربان خدا کی رحمتیں ہوں

الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

اور مقرب فرشتوں اور تمام نبیوں اور تمام صدیقوں

وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ

اور تمام شہیدوں اور نیک لوگوں کی جانب سے اور درودیں ہوں

مِنْ شَيْءٍ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے رب العالمین ہر اس چیز کی جانب سے جو تیری تسبیح کرتی ہے ہمارے

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ

سردار حضرت محمد بن عبد اللہ پر جو سب سے آخر میں آئے اور سب رسولوں

الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ

کے سردار اور متقیوں کے پیشوا اور تمام جہانوں کے پروردگار کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْٓ

رسول ہیں جو گواہ ہیں اور خوشخبری دینے والے ہیں اور تیرے حکم

اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ

سے تیری طرف مخلوق کو بلانے والے ہیں اور روشن چراغ ہیں اور ان پر سلام ہو سب کا



رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے سو تو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو تو

الرّٰحِمِيْنَ

سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

(المؤمنون ۱۰۹)



رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے میرے رب معاف فرما اور رحم کر اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

(المؤمنون ۱۱۸)



رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا

اے ہمارے رب ہٹا دے ہم سے دوزخ کے عذاب کو۔ بیشک اُس کا

كَانَ غَرَامًا ۝ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا

عذاب تو چمٹنے والا ہے بلاشبہ وہ بُری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور بُری جگہ ہے رہنے کی ۔

(سورہ فرقان)



رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ

اے ہمارے رب! عنایت فرما ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے

أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا (الفرقان ۷۴)

آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا



رَبِّ هَبْ لِي حُكْمًا وَّأَلْحِقْنِي بِالصّٰلِحِينَ ۝

اے میرے رب مجھ کو حکم (یعنی مزید علم و حکمت) عطا فرما اور نیکوں میں شامل کر

وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ○

اور میرا بول سچا رکھ پچھلوں (یعنی آئندہ آنے والی نسلوں میں)

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ○

اور مجھ کو جنت النعیم (باغ نعمت) کے وارثوں میں سے کر دے

(الشعراء)



رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے مجھ

اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ

پر کیا اور میرے ماں باپ پر اور میں نیک کام کروں جن سے تو

صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ

راضی ہو اور میری اولاد بھی نیک بنا دے بیشک میں نے

تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

تیرے سامنے توبہ کی اور بلاشبہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

(الاحقاف ۱۵)

۱۰

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ

اے اللہ! اپنی خاص رحمت نازل فرما حضرت محمد پر اور آپ کی ازواج پر

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ

جو مومنین کی مائیں ہیں اور آپ کی اولاد پر اور آپ کے

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

گھر والوں پر جیسی خاص رحمت تو نے حضرت ابراہیم پر فرمائی بیشک تو ہی خوبیوں والا بڑی شان والا ہے (ابوداؤد وغیرہ)



۱۱

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ

اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بڑا ظلم ڈھایا ہے اور گناہ کوئی نہیں

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ

بخشتا سوائے تیرے لہٰذا تو ہی اپنے دربار سے مجھے بخشش عطا

عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْٓ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

فرما اور مجھ پر رحم کر کیونکہ تو بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم والا ہے

(بخاری و مسلم)



١٢

رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَآ اَنْتَ خَيْرُ

اے میرے رب تو میرے نفس کو اس کے مقدر کا تقوی نصیب فرمادے اور اس کو عیوب

مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا (احمد)

سے پاک و صاف کر دے تو سب سے بہتر اسکا پاک و صاف کرنیوالا ہے تو ہی اسکا کارساز اور مالک ہے



١٣

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عجز کاہلی، بزدلی اور

وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ (بخاری و مسلم)

سخت بڑھاپے، مفت کا تاوان بھرنے اور گناہ سے



اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ عَذَابِ النَّارِ وَفِتۡنَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور اس کی آزمائش سے

النَّارِ وَفِتۡنَةِ الۡقَبۡرِ وَعَذَابِ الۡقَبۡرِ وَشَرِّ فِتۡنَةِ

قبر کی آزمائش اور اس کے عذاب سے مالداری کی آزمائش

الۡغِنٰی وَشَرِّ فِتۡنَةِ الۡفَقۡرِ وَاَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡقَسۡوَةِ

کے شر سے اور فقیری کی آزمائش کے شر سے (یعنی نہ مال کی آزمائش میں پڑوں اور نہ

وَالۡغَفۡلَةِ وَالۡعَيۡلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالۡمَسۡكَنَةِ وَاَعُوۡذُبِكَ

تنگدستی کی) اور تیری پناہ لیتا ہوں سخت دل ہونے اور غفلت سے اور حد درجہ احتیاج

مِنَ الۡفَقۡرِ وَالۡكُفۡرِ وَالۡفُسُوۡقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمۡعَةِ

اور ذلت و خواری سے، اور تیری پناہ لیتا ہوں محتاجی سے، کفر، نافرمانی اور ہٹ دھرمی سے

وَالرِّيَآءِ وَاَعُوۡذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالۡبَكَمِ وَالۡبَرَصِ

اور شہرت اور دکھاوے کیلئے عمل کرنے سے، اور تیری پناہ لیتا ہوں بہرے اور گونگے ہونے

وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّءِ الْاَسْقَامِ

سے، جسم پر سفید داغ پڑنے، دیوانگی اور کوڑھ سے اور بقیہ جتنی خراب بیماریاں ہیں سب سے

(مستدرک حاکم و ابن حبان وغیرہ)



اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ

اے اللہ تو ہم پر اپنی برکتوں، اپنی رحمت، اپنے فضل

وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ

اور اپنے دیے ہوئے رزق میں فراغت اور فراخی نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا

اے اللہ میں تجھ سے ہمیشہ رہنے والی نعمت مانگتا ہوں جو کبھی

يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ

نہ واپس لے جائے اور نہ کبھی زائل ہو

(نسائی وابن حبان و حاکم)



اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی

اے اللہ! صرف تیری رحمت کا آسرا رکھتا ہوں تو مجھے پلک جھپکنے کے

نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ

برابر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کر اور میرے سب کام درست فرما دے

كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

معبود کوئی نہیں تیرے سوا اے زندہ رہنے والے اور سب جہان کی ہستی

بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

قائم رکھنے والے تیری رحمت کی دہائی ہے

(ابوداؤد ابن حبان وغیرہ)



اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِّنْ عَلَانِیَتِیْ

اے اللہ! میرے باطن کو ظاہر سے بہتر بنا دے

وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً (ترمذی)

اور میرا ظاہر بھی بہتر بنا دے



الٰلّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَاتُؤْتِي النَّاسَ

اے اللہ! میں تجھ سے طالب ہوں ان اچھی چیزوں کا جو تو دوسروں کو عطا فرمائے

مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرِ ضَالٍّ وَّلَا

مال ہو یا بی بی یا بچہ جو نہ خود گمراہ ہو نہ دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہو

مُضِلٍّ - اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَجَبِيْنَ

اے اللہ! تو ہم کو اپنے ان بندوں میں بنالے جو تیرے یہاں چنے

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ (احمد)

ہوئے ہوں روشن چہرہ اور چمکدار ہاتھ پیر والے ہوں اور مقبول جماعتوں میں ہوں



اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں

وَاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ

اور میں یہ جانتا بھی ہوں اور تجھ سے استغفار کرتا ہوں اس کی جس کو میں نہ جانتا ہوں

(عمل الیوم واللیلۃ)



٢٠

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى

اے اللہ! مجھ کو میرے نفس کے شر سے بچا اور مجھ کو میرے ہدایت کے

اَرْشَدِ اَمْرِيْ

کاموں کے کرنے کی ہمت بخش دے

(نسائی وحاکم و ابن حبان)



٢١

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ غِنَى الْاَهْلِ وَالْمَوْلٰى

اے اللہ! میں تجھ سے اپنے گھر والوں اور اپنے غمخواروں کی مالداری مانگتا ہوں اور

وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا

تیری پناہ لیتا ہوں رشتے ناتے کی بددعا سے جس کو میں نے کاٹ دیا ہو

(مجمع الزوائد)



اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ

اے اللہ! تو میرے چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے

مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ

تو میری معذرت قبول فرمالے اور تو میری ضرورت کو جانتا ہے تو مجھ کو میری حاجت

وَتَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ

کی چیز عطا فرما اور تو جانتا ہے جو کچھ مجھ میں ہے تو میرے گناہ بخش دے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ

اے اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو دل میں رچ جائے اور سچا

وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْ

یقین تاکہ میں یقین رکھوں کہ مجھ کو نہیں پہنچ سکتا مگر جو تو نے میرے

اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ

مقدر میں لکھ لیا ہے اور عطا فرمادے مجھ کو رضامندی اس پر جو تو نے میری

قسمت میں لکھا ہے

(معجم اوسط و ابن عساکر در منثور)



٢٣

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّاَسْاَلُكَ

اے اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو ہمیشہ رہنے والا ہو اور وہ قلب جو

قَلْبًا خَاشِعًا وَّاَسْاَلُكَ یَقِیْنًا صَادِقًا وَّاَسْاَلُكَ

عاجزی کرنے والا ہو اور میں تجھ سے مانگتا ہوں یقین سچا اور تجھ سے طلب کرتا

دِیْنًا قَیِّمًا وَّاَسْاَلُكَ الْعَافِیَةَ مِنْ كُلِّ بَلِیَّةٍ

ہوں ٹھیک ٹھیک دین اور تجھ سے مانگتا ہوں ہر بلا سے عافیت اور تجھ سے چاہتا

وَاَسْاَلُكَ دَوَامَ الْعَافِیَةِ وَاَسْاَلُكَ الشُّكْرَ

ہوں ہمیشہ کا چین اور عافیت پر شکر گذاری

عَلَى الْعَافِیَةِ وَاَسْاَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ

اور تجھ سے مانگتا ہوں لوگوں سے بے نیاز ہو جانا

(کنز العمال)



اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ

اے اللہ! تو مجھے ان لوگوں میں بنا لے جنھوں نے تیری ذات پر بھروسہ کیا تو

وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَيْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ

تو اُن کے لیے کافی ہوگیا اور جنھوں نے تجھ سے ہدایت مانگی تو تو نے انکو ہدایت دی اور تجھ سے مدد مانگی تو تو نے انکی

مدد فرمائی۔ (الکنز العمال)



اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْيَتَكَ وَ

اے اللہ! بنا دے میرے دل کے خیالات اپنا خوف اور

ذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِیْ وَهَوَایَ فِيْمَا تُحِبُّ

اپنی یاد اور لگا دے میری ہمت اور میری خواہش ان عملوں میں جو تجھ کو پسند

وَتَرْضٰى (الکلم الطیب)

ہوں اور تو اُن سے راضی ہو

فائدہ: بُرے خیالات کو اچھے خیالات میں بدلنے کے لیے بہترین دُعا ہے۔



اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں تیری عزت کے صدقہ میں معبود کوئی نہیں صرف

اَنْ تُضِلَّنِیْ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْجِنُّ

تو ہے اس بات سے کہ تو مجھ کو گمراہ کرے تو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی فنا ہونیوالا

وَالْاِنْسُ یَمُوْتُوْنَ

نہیں اور تیرے سوا جنات ہوں یا انسان سب ایک دن مرنے والے ہیں

(بخاری و مسلم)



اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ

اے اللہ! مجھے برکت والی موت عطا فرما اور موت کے بعد جو کچھ ہوتا ہے اس میں بھی برکت عطا فرما

فائدہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک طویل حدیث میں روایت ہے کہ اس دعا کو روزانہ ۲۵ مرتبہ پڑھنے سے شہادت کا درجہ ملتا ہے۔

(مجمع الزوائد)

۲۸

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِیْقِ الدُّنْیَا وَضِیْقِ

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور

یَوْمِ الْقِیَامَةِ (ابوداؤد)

قیامت کے دن کی تنگی سے

۲۹

اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِیْ اِلٰی دِیْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ

اے اللہ! تو میرے دل کو اپنے دین کی طرف راغب کردے اور ہمارے

وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ (ابویعلیٰ)

پیچھے اپنی رحمت کے ساتھ ہماری رکھوالی کر

۳۰

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّ

اے اللہ! آسان بات بس وہی ہے جس کو تو آسان بنا دے اور

اَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ

جب تو چاہتا ہے تو مشکل کو آسان بنا دیتا ہے۔

فائدہ: مشکلات کی آسانی کے لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول دعا ہے۔ (ابن حبان - ابن السنی)



لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

معبود کوئی نہیں صرف تو بڑا بردبار، بڑے کرم والا، اللہ تعالیٰ کی ذات جملہ عیوب سے

رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

پاک ہے عرش عظیم کا رب ہے تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔

الْعٰلَمِيْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ

جو تمام جہانوں کا رب ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ تمام اسباب جو تیری رحمت

وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ

کے لیے لازم ہوں اور وہ سب اسباب جن سے تیری مغفرت ثابت ہو اور ہر عیب کی بات سے

ذَنْبٍ وَّ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّ السَّلَامَةَ

حفاظت کا طالب ہوں اور نیکی میں سے مالِ غنیمت کی طرح کا حصہ

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

اور ہر گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں کوئی میرا گناہ باقی نہ چھوڑ جس

وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ

کو تو نہ بخش دے اور نہ کوئی فکر جس سے تو رہائی نہ دے اور نہ

وَلَا ضُرًّا اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ

کوئی کڑھن جس کو تو دور نہ فرمادے اور نہ کوئی تکلیف جس کا تو ازالہ فرما

رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

دے اور نہ ایسی ضرورت جو تیری رضا مندی کا سبب نہ ہو جس کو تو پورا نہ فرمائے

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے (ترمذی وحاکم وغیرہ)

فائدہ: صلوٰۃ الحاجۃ کی مسنون دعا ہے اور ضرورتوں کے پورا ہونے کے لیے مجرب ہے، اور بندہ تو ہر وقت ہی محتاج وضرورتمند ہے۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

الٰہی! اپنی خاص رحمت نازل فرما حضرت سیدنا محمد پر

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَ

اور آل سیدنا حضرت محمد پر اور آپ کے صحابہ اور آپ کی اولاد پر

اَھْلِ بَیْتِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاَتْبَاعِہٖ

اور اہل بیت پر اور آپ کی ذریت اور سب دوستوں اور تابعداروں

وَاَشْیَاعِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ

اور آپ کی سب جماعت پر اور اُن کے ساتھ ہم سب پر اے سب

اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

مہربانوں سے بڑھ کر مہربان

فائدہ: یہ درود شریف حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے وہ اس طرح درود پڑھتے تھے۔ (القول البدیع)

سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۝ۚ

پاک ہے تیرا رب جو عزت والا ہے ان تمام عیبوں سے جو کافر اس پر لگاتے ہیں اور

وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ۚ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ

سلام ہو سب رسولوں پر اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ

رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ؕ

کی جو پالنے والا ہے تمام جہانوں کا

(قرآن مجید سورۃ الصّٰفّٰت)

ہماری دیگر ایپس کو آزمائیں

درود وسلام	الحزب الاعظم	حج و عمرہ گائیڈنس	درسِ نظامی
قانون مفرد اعضاء Qanoon Mufrad Aza	جادو جنات عملیات Jadu Jinnat Amliyat	Online Quran Teaching	غیر مستند احادیث Zaeef Ahadith
Inheritance Meeras Calculator میراث کیلکولیٹر	Quranic Grammar	Aftabi Shilajit The Power of Himalayas	Tibbi Mufridat طبی مفردات
Tibbi Murakibat طبی مرکبات	آئین پاکستان	الحزب الاعظم	